پریس ریلیز

گوجرانوالہ 04مارچ 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے صدر نے جدید ٹیکنالوجی سے مزین چیمبر کی ویب سائٹ کا افتتاح کر دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ویب سائٹ سے کسی بھی ملک کے متعلق ان کی ٹریڈ اینڈ انوسٹمنٹ، جی ڈی پی ،امپورٹ ،ایکسپورٹ ودیگر معلومات درکار ہوں یا پوری دنیا میں کسی شخص کو گوجرانوالہ کی صنعت کے متعلق کوئی جانکاری حاصل کرنی ہو وہ چیمبر آف کامرس کی ویب سائٹ سے صرف ایک سنگل کلک کے ذریعے حاصل کر سکے گا۔انہوں نے کہا کہ ویب سائٹ جدید تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈیزائن اور ترتیب دیا گیا ہے اسی ویب سائٹ کے ذریعے ایسے کاروباری افراد جو چیمبر آف کامرس کی رکنیت حاصل کرنا چاہتے ہیں مستقبل میں رکنیت کے حصول کو سہل کر دیا گیا ہے اور کاروباری لوگ آن لائن ممبرشپ بھی حاصل کرسکیں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس میں ویب سائٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کے دوران کیا جبکہ اس موقع پر سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل، نائب صدر عادل ندیم ،اراکین مجلس عاملہ، سابق صدور اخلاق احمد بٹ، خواجہ ضرار کلیم، عمراشرف مغل، سابق سینئر نائب صدر محمد اجمل اعوان، سابق نائب صدر شیخ قیصر امین جموں والے کے علاوہ بزنس کمیونٹی کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔

شیخ فیصل ایوب نے ویب سائٹ کی ترتیب اور ڈیزائن پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس بہترین کاوش سے گوجرانوالہ چیمبر کے وقار میں جو اضافہ ہوا ہے اس کا سہراہ سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل اوران کی ٹیم کو جاتا ہے جنہوں نے اس شاندار ویب سائٹ کو ڈیزائن اور تربیب کیا۔تقریب میں سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل نے جدید ویب سائٹ کے فیچرز اوران فیچرز کو استعمال کر کے کون کون سی معلومات حاصل کی جاسکتی ہے کے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔علاوہ ازیں انہوں بتایا کہ جس طرح گوجرانوالہ چیمبر کی ویب سائٹ ڈیزائن کی گئی ہے ہماری ویب سائٹ بڑے چیمبروں سے کہی زیادہ بہتر اور معلوماتی ہے۔انہوں نے کہا کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس میں مزید بہتری لاکر گوجرانوالہ چیمبر کی ویب سائٹ کو نمبر 1 ویب سائٹ بنانے کا ارادہ رکھتے ہیں جس میں انشاءاللہ بہت جلد کامیابی حاصل کرلی جائے گی۔